Civics - 10th Class Civics Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Test

Q1. آگرہ کانفرنس کس مقصد کے تحت ہوئی اور اس کے کیا نتیجہ نکلا

Ans 1: آگرہ کانفرنس مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے ہوئی جس میں پاکستان کے صدر نے بہت عمدگی اور جرات سے مسیلہ کشمیر کا موقف پیش کیا مگراس کے خاطر خواہ نتئجہ نہ نکل سکا.

Q2. طالبان کی حکومت کے خاتمہ کے بعد کس کی عبوری حکومت قائم ہوئی.

Ans 1: طالبان کی حکومت کے خاتمہ کے بعد حامد کرزئی کی حکومت قایم ہوئی.

Q3. افغانستان میں فوجی انقلاب کب آیا.

Ans 1: افغانستان میں فوجی انگلاب 1978 میں برپا ہوا.

Q4. پاکستان کے شمال مغرب میں کون سا ملک ہے.

Ans 1: پاکستان کے شمال مغرب میں افغانستان ہے.

Q5. افغانستان کا دارالخلافہ کون سا ہے.

Ans 1: افغانستان کا دارالخلافہ کابل ہے.

Q6. خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: بیرونی ممالک سے تعلقات قائم رکھنے ، ان کو فروغ دےنے اور قومی مفاد کے حصول کے لیے بین الاقوامی سطح پر مناسب اقدامات اٹھانے کا نام خارجہ پالیسی ہے.

Q7. جینوا معاہدہ کن ممالک کے درمیان طے پایا.

Ans 1: جینوا معاہدہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان طے پایا تھا.

Q8. افغانستان اور پاکستان کے درمیان گیس پائپ لائن کا معاہدہ کب طے پایا.

Ans 1: یہ معاہدہ 2003 میں طے پایا اور اس میں دونوں ممالک نے ایک دوسرے کی مدد کرنے کا یقین دلایا

Q9. پاکستان نے ہندوستان سے کشمیریوں کو حق خود ارادیت دینے کا مطالبہ کیا اس کا کیا نتیجہ نکلا؟.

Ans 1: بھارت نے اس سلسلے میں مکمل چشم پوشی اختیار کی ہوئی ہے.

Q10. تولیتی کونسل سے کیا مرا دہے.

Ans 1: یہ کونسل ان علاقوں کے انتظام کی نگرانی کرتی ہے جن کو ممبر ممالک نے اپنی نگرانی میں لے رکھا ہے تولیتی کونسل کا مقصد ہے کہ زیر نگرانی علاقوں کا انتظام بہتر طریقے سے چلایا جائے.